نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

5 مئی 2010ء

برائے فوری اجراء

264/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

پاک فضائیہ کے ہوابازوں کی ٹوسان میں ایف سولہ طیاروں کی تربیت مکمل

ٹوسان، ایریزونا (5 مئی 2010ء) ___ پاک فضائیہ کے ایف 16 اے/بی طیارے اُڑانے والے آٹھ ہوابازوں نے گزشتہ روز ٹوسان، ایریزونا میں ایک تقریب میں 9 ماہ دورانیہ کا تربیتی کورس مکمل کیا جس میں اُنہوں نے ایف 16 سی/ڈی جدید طیارے اُڑانے کی تربیت حاصل کی۔ 1983ء کے بعد یہ پہلے پاکستانی ہوباز ہیں جنہیں ایریزونا انٹرنیشنل گارڈ کے ہمراہ تربیت دی گئی۔

تقریب کے کلیدی مقررین میں پاک فضائیہ کے ڈپٹی چیف آف اسٹاف ایئر مارشل وسیم الدین اور فضائیہ کے بین الاقوامی امور کے ڈپٹی انڈر سیکریٹری کے دفتر کے جنرل لن ڈی شرلاک شامل تھے۔

اِس موقع پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے بارہ سال تک ایف سولہ طیارہ اُڑانے والے ہوباز پاک فضائیہ کے ونگ کمانڈر غضنفر لطیف نے کہا کہ یہ تقریب پاک امریکہ تعلقات کے حوالہ سے تاریخی ہے۔ پاکستان کے لئے ہماری فضائیہ ایسی صلاحیت حاصل کر رہی ہے جس کی اُسے گزشتہ عشرہ سے ضرورت تھی اور یہ صلاحیت دہشت گردی کے خلاف پاکستان کی جاری لڑائی کے لئے بنیادی اہمیت کی حامل ہے۔

حکومت پاکستان نے پاک فضائیہ کے ایف سولہ فائیٹنگ فالکنز پر مشتمل تیس سالہ پرانے بیڑے کو اپ گریڈ کرنے کے لئے اٹھارہ جدید ایف سولہ ماڈل طیارے خریدے ہیں۔ نئے طیاروں میں ہوباز کے لئے رات کے اندھیرے میں بھی کارروائی کرنے کی سہولت ہوگی اور اس میں اسلحہ کے دُرست استعمال کی صلاحیت کو بھی موثر بنایا گیا ہے۔

گزشتہ تین سال کے دوران پاکستان کے لئے امریکہ کی جانب سے سویلین و عسکری اعانت مجموعی طور پر چار ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہے۔ فراہم کی جانے والی اس اعانت میں طبی امداد، اسکولوں کی تزئین و آرائش، پلوں اور کنوؤں کی تعمیر نو، خوراک کی تقسیم اور زرعی و تعلیمی منصوبے شامل ہیں۔ مخصوص دفاعی اعانت میں 10 ایم آئی سترہ ہیلی کاپٹر، دو Bell 412 ہیلی کاپٹرز، پاکستان فرنٹیئر کور کے لئے 450 سے زیادہ گاڑیاں، رات کو دیکھنے والی سینکڑوں عینکیں، دن اور رات کے اوقات میں استعمال ہونے والی دوربینیں، ریڈیو، اور پاکستان کی مسلح افواج کے لئے ہزاروں کی تعداد میں حفاظتی جیکٹ اور ابتدائی طبی امداد کی اشیاء شامل ہیں۔ امریکہ نے 370 سے زیادہ پاکستانی فوجی افسران کو انسدادِ دہشت گردی، انٹیلی جینس، نقل و حمل، میڈیکل دورانِ پرواز حفاظت اور فوجی قوانین ایسے موضوعات کے بارے میں قائدانہ صلاحیتوں کو اُبھارنے کے پروگراموں کے لئے تربیت بھی فراہم کی ہے۔

###

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلفٹن زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3